14/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں مسرت شاہ

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج دہرہ دون سے دلی۔ دہرہ دون اقتصادی راہداری کے ساتھ ساتھ Variable Speed میں ایک ہزار میگاواٹ صلاحیت والے پہلے Tehri اتراکھنڈ کے شہر Pumped Storage پلانٹ کا افتتاح کررہے ہیں۔ بڑے سیاحتی اور اقتصادی مراکز کے درمیان رابطہ سہولیات کو وسعت دے کر اور خطے میں تجارت اور ترقی کیلئے نئے مواقع پیدا کر کے دلی۔ دہرہ دون اقتصادی کوریڈور سے علاقائی معاشی ترقی کو تقویت ملے گی۔

ٹرانسپورٹ کمشنر

ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش مہاجن نے متعلقہ افسران کو ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت مہم شروع کرنے کی ہدایت دی ہے۔ ٹرانسپورٹ محکمے کی کارگزاری کا جائزہ لینے کے لئے طلب کی گئی ایک میٹنگ میں انہوں نے کہا کہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کی ڈرائیونگ لائسنس اور رجسٹریشن سرٹیفکیٹس قانون کے مطابق معطل کی جاسکتی ہیں۔ ٹرانسپورٹ کمشنر نے پی ایم راحت اسکیم کے
مو

ثر نفاذ اور روڈ سیفٹی متاثرین فنڈ کے تحت بروقت امداد کی فراہمی پر بھی زور دیا۔ٔ

SSCL

سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹڈ کے سی ای او فضل الحسیب نے کہا ہے کہ سرکاری اداروں اور ٹرانسپورٹ آپریٹرز کے درمیان
مو

ٹر رابطہ ایک منظم اور عوام دوست شہری ٹرانسپورٹ نظام کے قیام کے لیے ناگزیر ہے۔ۂ

یہ بات انہوں نے سرینگر میں اہم روٹس پر ٹریفک کا
دباو

کم کرنے اور شہری نقل و حمل کو بہتر بنانے کے لئے ٹرانسپورٹ آپریٹرز اور پرائیویٹ ۂ
آپریٹرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں کے ساتھ ایک اہم میٹنگ کے دوران کہی۔ اس موقعے پر
مختلف روٹس کی تنظیم نو کے مختلف
پہلوو

ں پر غور و خوض کیا گیا۔ۂ

ٹریفک سرینگر سٹی اعجاز احمد اور سرینگر اسمارٹ سٹی لمیٹڈ کے سینئر ssp میٹنگ میں
افسران نے بھی شرکت کی۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے حج
ہاو

س بمنہ کا دورہ کر کے وہاں حج 2026 کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے افسران کو ۂ
ہدایت دی کہ وہ عازمین حج کو فراہم کی جانے والی سہولیات میں مزید بہتری اور عازمین کی
احسن طریقے پر روانگی کو یقینی بنائےں۔

بیساکھی

آج بیساکھی کا تہوار جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ یہ ربیع کی فصل کی کٹائی کا
تہوار ہے اور اسی دن 1699 عیسوی میں گرو گوبند سنگھ جی نے سکھ مذہب میں خالصہ پنتھ کی
بنیاد رکھی تھی۔

اس دن کی مناسبت سے آج گردواروں میں شبدھ کیرتن اور لنگر کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

وادی میں بیساکھی کے موقعے پر سب سے بڑی تقریب گردوارہ چھٹی پادشاہی ،کاٹھی دروازہ
رعناواری سرینگر میں منعقد ہورہی ہے جہاں سکھ عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد گرو گرنتھ
صاحب پاٹھ اور شبدھ کیرتن میں شرکت کررہی ہے۔

محبوب کلچرل سوسائٹی

محبوب کلچرل سوسائٹی بارہمولہ کے 48 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں ادیبوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ اس موقعہ پر CEO وُلر مانسبل ڈیولپمنٹ اتھارٹی احسان الحق چشتی مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے ۔ اس موقعہ پر ایک رنگا رنگ ثقافتی پروگرام بھی منعقد ہوا ۔

پولیس

منشیات کے خلاف مہم کو جاری رکھتے ہوئے، اننت ناگ پولیس نے مختلف کارروائیوں میں وسیم احمد ڈار، رمیض احمد ڈار اور عاقب امین صوفی نامی تین افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں ممنوعہ اشیاءبرآمد کی ہیں۔

اس دوران پولیس نے پلوامہ میں نگروٹہ جموں کے رہنے والے لیاقت علی اور امانت علی نامی دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔

سوپور میں پولیس نے عمر امین بانڈے اور باسط احمد شاہ نامی دو منشیات فروشوں کی گرفتاری عمل میں لائی ہے۔

ادھر نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان کے تحت پلوامہ ضلع میں گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول ترال اور گورنمنٹ ہائی اسکول چندہارا میں منشیات کے خلاف بیداری پروگرام منعقد کیے گئے۔

دریں اثنا پلوامہ پولیس نے ضلعے کے کاکہ پورہ علاقے عبدالحمید بٹ نامی ڈرگ سمگلر کا دو منزلہ رہائشی مکان اٹیچ کیا ہے، جس کی مالیت 32 لاکھ 19 ہزار روپے بتائی گئی ہے۔

کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کے سکول آف لا ءنے Department of Students Welfare کے اشتراک سے نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان مہم کے تحت ایک پروگرام کا انعقاد کیا جس کا مقصد طلباءمیں منشیات کے مضر اثرات کے تئیں بیداری پیدا کرنا تھا۔اس دوران یونیورسٹی کی وائس چانسلر اپروفیسر نیلوفر خان نے اپنے پیغام میں نوجوانوں میں منشیات کے استعمال کے بڑھتے ہوئے رجحانات سے نمٹنے کے لئے اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔

بانڈی پورہ

نشہ مکت جموں کشمیر ابیان کے تحت ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے کئی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیاجس میں مقامی باشندوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

طبی کیمپ

اسپتال سرینگر کی طرف سے ایک Cygnus Super Speciality آکاشوانی سرینگر میں کل اجا لا مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں اسپتال سے تعلق رکھنے والے ماہر ڈاکٹروں نے عملے کا میڈیکل چیک اپ کیااور مفت ادویات تقسیم کیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****